Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

A'MAAL · MONTH OF SHABAN

Last 3 day of Shaban

ماہِ شعبان کے آخری ۳ دن

Imam Reza (a) is reported as saying: If one observes fasting on the last 3 days of Sha'ban and attaches it to the obligatory fasting of Ramazan, Almighty Allah will record for him the reward of fasting for two consecutive months.

امام علی رضاؑ سے منقول ہے: جو شخص شعبان کے آخری تین دن روزہ رکھ کر ماہِ رمضان کے روزوں سے متصل کردے تو حق تعالیٰ اس کے نامۂ اعمال میں دو مہینے متصل روزوں کا ثواب لکھے گا۔

Abul-Salt al-Harawi has narrated that when he visited Imam Reza (a) on the last Friday of Sha'ban, the Imam said to him: the days of Sha'ban have almost passed. This is the last Friday. You should thus settle what you have missed in this month by working harder in the rest of it. You may supplicate God, implore for His forgiveness, recite the Holy Qur'an, and repent to Him from your sins so that you receive the month of Ramazan with pure sincerity to Him. You must fulfill all the trusts that you are liable to settle, do not bear malice against any of your brethren in-faith, you must give up any sin that you commit. Fear Almighty Allah and trust in Him in secret and openly, for 'If anyone puts his trust in Allah, sufficient is (Allah) for him. For Allah will surely accomplish his purpose. Verily, for all things has Allah appointed a due proportion.

ابو صلت ہروی سے روایت ہے: میں شعبان کے آخری جمعہ کو امام علی رضاؑ کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرتؑ نے مجھ سے فرمایا: اے ابو صلت! شعبان کا زیادہ حصہ گزر گیا ہے اور آج اس کا آخری جمعہ ہے۔ لہٰذا اس کے گزشتہ دنوں میں تجھ سے جو کوتاہیاں ہوئی ہیں اس کے باقی آنے والے دنوں میں تجھے ان کی تلافی (بھرپائی) کر لینی چاہیے اور تمہیں وہ عمل اختیار کرنا چاہیے جو تمہارے لئے مفید ہو، تمہیں تلاوتِ قرآن اور بہت زیادہ دعا و استغفار کرنا چاہیے نیز خدا کی بارگاہ میں اپنے گناہوں پر توبہ کرو تاکہ جب ماہِ مبارک رمضان آئے تو اس وقت تک تم نے خود کو اپنے رب کے لئے خالص کر لیا ہو۔ اپنے ذمہ کسی کا کوئی حق نہ رہنے دو مگر یہ کہ اسے ادا کردو، اپنے دل میں کسی کے لئے بغض و کینہ نہ رکھو۔ اگر کوئی گناہ کرتے رہے ہو تو اسے ترک کردو، خدا سے ڈرو اور ظاہر و باطن میں اسی پر بھروسہ رکھو جو شخص خدا پر توکل اور بھروسہ رکھتا ہے تو خدا اس کے لئے کافی ہے۔

Free to read, copy and share

> In the remaining days of Shaban, you may repeat the following zikr very much for Almighty Allah saves many people from Hellfire on account of the sanctity of the month of Ramazan...

> اس مہینے کے باقی دنوں میں زیادہ تر یہ دعا پڑھا کرو، کیوں کہ حق تعالیٰ اس مہینے میں احترامِ رمضان کی خاطر اپنے بہت زیادہ بندوں کو جہنم کی آگ سے آزاد فرماتا ہے۔۔۔

اَللّٰھُمَّ اِنْ لَمْ تَکُنْ غَفَرْتَ لَنَا فِیْمَا مَضٰی مِنْ شَعْبَانَ فَاغْفِرْ لَنَا فِیْمَا بَقِیَ مِنْہُ۔

ALLAAHUMMA IN LAM TAKUN GHAFARTA LANAA FEEMAA MADAA MIN SHA'BAANA FAGHFIR LANAA FEEMAA BAQIYA MINH.

O Allah: If You have not forgiven us in the past days of Sha`ban, (please do) forgive us in the rest of it.

اے معبود! اگر تو نے ہمیں شعبان کے گزشتہ دنوں میں گناہوں کی معافی نہیں دی تو بھی اس کے باقی دنوں میں ہمیں بخشش عطا کردے۔

Printed from https://fzic.org/library/amaal/last-3-day-of-shaban-1699 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.